# گھریلو تشدد سے متعلق صدمہ زدہ دماغی ضرر

## کو سمجھنا

## معلومات اور وسائل

Mayor's Office to End Domestic and Gender-Based Violence

## وسائل

اگر آپ کا گلا دبایا گیا ہے، سر پر چوٹ کا سامنا ہوا ہے، سوچتے ہیں کہ آپ کو ان علامات میں سے کسی کا سامنا ہو رہا ہے یا آپ کو یقین نہیں ہے تو، آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

**NYC کی 24 گھنٹے چلنے والی ہوپ ہاٹ لائن (Hope Hotline)**
1-800-621-HOPE (4673)
TTY: 866-604-5350

**گھریلو اور صنف پر مبنی تشدد کے مدنظر معلومات اور وسائل کے لیے NYC HOPE ریسورس ڈائریکٹری (NYC HOPE Resource Directory)** www.nyc.gov/NYCHOPE پر ملاحظہ کریں

**جڑنے کے لیے جس بورو میں آپ رہتے ہیں (یا جہاں آپ محفوظ ترین محسوس کریں) وہاں NYC فیملی جسٹس سنٹر (NYC Family Justice Center, FJC) میں تشریف لائیں۔** سارے سینٹرز بذات خود یا فاصلاتی خدمات کے لیے، پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح سے 5 بجے شام تک کھلے رہتے ہیں۔ کوئی اپائنٹمنٹ ضروری نہیں ہے۔ FJCs تمام تر عمر، جنسی رجحان، اور صنفی شناخت والے لوگوں کا خیر مقدم کرتے ہیں، چاہے ترک وطن کی حیثیت،آمدنی یا بولی جانے والی زبان جو بھی ہو

| NYC FAMILY JUSTICE CENTERS | |
|---|---|
| BRONX | (718) 508-1220<br>198 East 161st Street, 2nd Fl. |
| BROOKLYN | (718) 250-5113<br>350 Jay Street, 14th Fl. |
| MANHATTAN | (212) 602-2800<br>80 Centre Street, 5th Fl. |
| QUEENS | (718) 575-4545<br>126-02 82nd Avenue |
| STATEN ISLAND | (718) 697-4300<br>126 Stuyvesant Place |

**ایمرجنسی میں 911 پر کال کریں یا ٹیکسٹ کریں۔**

**سوسائیڈ اور کرائسس لائف لائن (Suicide and Crisis Lifeline) کو 988 پر کال کریں** یا آن لائن 988lifeline.org/chat پر چیٹ کریں

**کنگز کیئرز (Kings CARES) سے**
1-929-310-1218
KingsCareReferrals@nychhc.org پر
رابطہ کریں ذاتی نوعیت کے صنف پر مبنی تشدد اور گلا دبانے سے متعلق فالو اپ طبی نگہداشت، بشمول حفاظتی یا قانونی مقاصد کے لیے ضرر کو ضبط تحریر کرنے اور لوگوں کو خصوصی طبی اور قانونی امداد سے مربوط کرنے کے لیے۔ سبھی متاثرین کے لیے، ان کے جائے قیام، بیمہ، ترک وطن کی حالت، یا صنفی شناخت سے قطع نظر، جمعہ کو صبح 9 بجے سے دوپہر 12 بجے تک کھلا رہتا ہے۔

## گھریلو تشدد سے متعلق صدمہ زدہ دماغی ضرر کیا ہے؟

صدمہ زدہ دماغی ضرر (traumatic brain injury, TBI) تب پیش آتا ہے جب واحد وقوعہ یا مکرر وقوعات کے دوران سر یا گردن میں ضرب لگنے کے سبب دماغ کو نقصان پہنچتا ہے، یا اس وجہ سے کہ دماغ کو کافی آکسیجن نہیں ملتا ہے۔ گھریلو تشدد سے متعلق TBI ایک دماغی ضرر ہے جو قریبی پارٹنر یا فیملی کے رشتے میں تشدد کے نتیجے میں پیش آتا ہے۔

DV سے متعلق TBIs کی عمومی وجوہات میں شامل ہیں -

- گلا دبنے یا حبس دم کے ذریعے دماغ میں آکسیجن کی روانی کی کمی
- سر کو براہ راست ضرب یا نفوذ کرنے والے ضرر کی وجہ سے سر کو طبعی صدمہ
- گردن میں زخم

## DV سے متعلق TBI کی زیادہ خطرے والی علامات اور طویل مدتی اثرات

علامات واقعہ پیش آنے کے بعد فوری طور پر، دنوں، ہفتوں یا مہینوں میں نظر آ سکتی ہیں۔

### زیادہ خطرے کی علامات:

- ہوش و حواس زائل ہونا جیسے یاد داشت میں خلاء، چڑچڑاپن، یا بلیک آؤٹ
- غنودگی یا سر درد
- توجہ مرکوز کرنے میں پریشانی، اشتباہ، بے سمتی
- دوہری بینائی یا بینائی زائل ہونا
- سماعت زائل ہونا یا کانوں میں گھنٹیاں بجنا
- مثانے یا آنت پر کنٹرول زائل ہونا چنانچہ آپ خود کو گیلا یا گندہ کر لیتے ہیں
- سانس لینے میں پریشانی
- غشی کے دورے، جو بے چینی، لڑاکا پن، جارحیت، یا لرزش کے بطور ظاہر ہو سکتی ہے
- فالج، جو چہرے کی کمزوری (سنّ پن، کم احساس)، بازو میں کمزوری، بولنے میں دشواری یا چلنے میں دشواری یا ناقص باہمی ربط کے بطور ظاہر ہو سکتی ہے۔

اگر آپ کو گلا دبائے جانے کا امنا ہوا ہے اور اضافی نشانیوں، علامات، حفاظتی تشویشات، اور وسائل کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو، NYC HOPE: nyc.gov/content/nychope/pages/understanding-strangulation ملاحظہ کریں۔

### طویل مدتی اثرات:

- افسردگی، اضطراب یا PTSD
- یاد اشت یا فکری مسائل
- شخصیت میں تبدیلیاں
- ڈیمنشیا یا الزائمر کے مرض کا زیادہ خطرہ



## طبی توجہ یا علاج حاصل نہیں کرنے کے امکانی خطرات

اگر آپ کا حال ہی میں گلا دبایا گیا ہے، سر پر چوٹ کا سامنا ہوا ہے یا آپ میں زیادہ خطرے والی کوئی علامات ہیں تو، طبی نگہداشت میں تاخیر کرنا مستقل معذوری یا انتہائی صورتوں میں موت کا بھی باعث بن سکتا ہے۔

طبی قدر پیمائی کروانے کے لیے آپ کو فوری طور پر قریب ترین ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ میں جانا چاہیے اگر:

- آپ کا حال ہی میں گلا دبایا گیا ہے، سر پر چوٹ کا سامنا ہوا ہے یا آپ میں زیادہ خطرے والی کوئی علامات ہیں
- وقوعہ یا مکرر وقوعات کے بعد ہفتوں یا مہینوں میں آپ میں زیادہ خطرے والی کوئی علامات پیدا ہوتی ہیں یا آپ کی علامات بگڑ جاتی ہیں۔

مکرر TBIs زیادہ خطرے والی علامات اور طویل مدتی اثرات کا سامنا ہونے کا خطرہ بڑھا سکتی ہے۔

اگر آپ کو متعدد وقوعات کا سامنا ہوا ہے یا وقوعہ کچھ وقت پہلے پیش آیا تھا اور آپ کو فکر ہے کہ اس کی وجہ سے آپ میں کچھ علامات یا پیچیدگیاں ہو سکتی ہیں تو، ابتدائی نگہداشت کے معالج سے طبی قدر پیمائی کروائیں

اگر آپ کا کوئی ڈاکٹر ہے تو، NYC Health + Hospitals nychealthandhospitals.org میں کسی سے رابطہ کروانے کے لیے آپ لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔